QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 133

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 28 نومبر 2025ء۔۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ پروجیکٹ منصوبہ کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی کے کھمبوں کی تنصیب اور دیگر ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں 30 نومبر کو (بروز اتوار) سریاب گرڈ اسٹیشن کے بی ایم سی، ہزارہ ٹاون، اولڈ جان محمد، نیو جان محمد، اولڈ لیاقت بازار، کرانی، سمنگلی ایکسپریس فیڈروں سے صبح 10 بجے سے شام 4 بجے تک بجلی بند رہے گی نیز اُسی روز شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے ویسٹرن بائی پاس، پی اے ایف، جبل نور، آریا اسپتال، آئی ٹی یونیورسٹی، ایگریکلچر کالج اور کڈنی سینٹر فیڈرز جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ کے ملک پلانٹ، شہباز ٹاون فیڈر نیز شیخ ماندہ گرڈ کے ادیان، ائیر پورٹ، داریم، باچا آغا اور زرغون گرڈ کے نواں کلی بائی پاس، صاحبزادہ فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند ہوگی۔اسی طرح 30 نومبر کے روز مری آباد گرڈ کے گلستان روڈ، حالی روڈ، سٹی اور انڈسٹریل گرڈ کے سریاب مل، شاہنواز، ایف جی ایس، واسا، شموزئی، نیو اور اولڈ میاں غنڈی فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہیگی۔

اسکے علاوہ مختلف گرڈ اسٹیشنوں اور ٹرانسمیشن لائنز پر ضروری نوعیت کے مرمتی کام کئے جارہے ہیں اس سلسلے میں 30 نومبر کو (بروز اتوار) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv جبل نور، پی اے ایف، تکاتو، گارڈن ٹاون، عمر، ادیان، ٹی پی ایس، اغبرگ، خروٹ آباد، ریگی، ایگریکلچر کالج، واپڈا ہسپتال، کمپوٹر ٹریننگ، بلیلی فیڈروں سے دن 11 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند ہوگی۔اسی طرح 30 نومبر کے روز گنداخہ گرڈ اسٹیشن سے صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔تاہم کیسکو نے متعلقہ صارفین سے بجلی بندش پر زحمت کیلئے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔